# اردو ادب کی تدریس کے مقاصد

طالب علم کو اس قابل بنانا کہ وہ:

۱۔ تقریر کے ذریعے سے اپنی تخلیقی حقیقتوں کا اظہار کرے۔

۲۔ تحریر کے ذریعے سے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے اور مضامین، مکالمے، طبع زاد کہانیاں، مختصر ڈرامے اور خاکے لکھے۔

۳۔ اردو ادب کے مطالعے سے اپنے ادبی ذوق کی تربیت کرے۔

۴۔ اصناف نظم و نثر سے واقفیت حاصل کرے۔

۵۔ اردو زبان کے ارتقا سے واقف ہو۔

۶۔ اردو ادب کے بارے میں تنقیدی شعور حاصل کرے۔

۷۔ اردو زبان کی قواعد کے بارے میں واقفیت حاصل کرے۔

۸۔ اردو کے ذریعے سے یا براہ راست دیگر پاکستانی زبانوں کے ادب کا مطالعہ کرے۔

۹۔ اردو نظم و نثر کا استحسان کرے۔

# اردو ادب کی تدریس کے مقاصد کی تفصیل

## تقریر:

تقریر کے ذریعے سے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار کرنا

ا۔ اپنے خیالات کو ادبی انداز میں پیش کرنے کی کوشش کرے۔

ب۔ اپنی تقریر میں موقع محل کے مطابق موزوں تشریحات، استعارات، اشعار اور اقوال استعمال کرے۔

## تحریر:

تحریر کے ذریعے سے اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے اور مضامین، مکالمے، طبع زاد کہانیاں، مختصر ڈرامے اور خاکے لکھنا۔

ا۔ طالب علم اپنی تحریر میں مشاہدات اور تجربات کو موثر انداز میں تحریر کرے۔

ب۔ اپنے خیالات حسنِ ترتیب کے ساتھ تحریر کرے۔

ج۔ تحریر میں اپنا انفرادی اسلوب اختیار کرے۔

## مطالعہ:

اردو ادب کے مطالعے سے اپنے ادبی ذوق کی تربیت کرنا۔

ا۔ طالب علم اردو ادب کی کتابوں سے اپنی استعداد کے مطابق استفادہ کرے۔

ب۔ درسی کتاب میں شامل ادیبوں اور شاعروں کی مزید تخلیقات کا مطالعہ کرے۔

ج۔ کتابوں، ادبی رسائل کے ادبی حصوں سے استفادہ کرے۔

د۔ اپنے مطالعہ کا باقاعدہ ریکارڈ رکھے۔

## اصناف ادب سے واقفیت:

اصناف سخن ونثر سے واقفیت حاصل کرنا۔

ا۔ طالب علم نصاب میں شامل اصناف نثر مثلاً خاکہ، تمثیل، ناول، داستان، ڈرامے اور انشائیے سے واقفیت حاصل کرے۔

ب۔ اصنافِ نظم مثلاً حمد، غزل، نظم، قطعے، مثنوی، رباعی، قصیدے اور مرثیے سے واقفیت حاصل کرے۔

## تاریخ ادب ومشاہیر ادب:

تاریخ ادب ومشاہیر ادب سے شناسائی حاصل کرے۔

ا۔ طالب علم نصاب میں شامل ادیبوں کی سوانح سے واقف ہو اور ان کی تحریر کی خصوصیات سے آگاہ ہو۔

ب۔ درسی کتاب میں شامل شعرا کی سوانح سے واقف ہو اور ان کے کلام کی خصوصیات سے آگاہ ہو۔

ج۔ درسی کتاب میں شامل مشاہیر ادب کی تاریخی ترتیب سے واقف ہو۔

## تنقیدی شعور:

اردو ادب کے بارے میں تنقیدی شعور حاصل کرنا۔

ا۔ مختلف ادب پاروں کے محاسن ومعائب بیان کرے۔

ب۔ مضمون، کہانی اور نظم کی تشریح کرے اور ان کا مرکزی خیال/خلاصہ لکھے۔

## علم بیان:

چند اہم ادبی اصطلاحات سے واقف ہونا۔

ا۔ علم بیان وبدیع کی اہم اصطلاحات یعنی تشبیہ، استعارے، تلمیح، کنایہ، مجاز مرسل، تجنیس، ایہام، حسن تعلیل، لف ونشر، مراعاۃ النظیر سے واقفیت حاصل کرے۔

## اردو اور پاکستانی زبانیں:

اردو کے ذریعے سے یا براہ راست پاکستانی زبانوں کے ادب کا مطالعہ کرنا۔

ا۔ پاکستانی زبانوں کے منتخبات کا مطالعہ کرے۔

ب۔ مشہور صوفیا، ادبا اور شعرا کے منتخبات کے تراجم کا مطالعہ کرے۔

## استحسان:

اردو نظم ونثر کا استحسان کرنا۔

ا۔ طالب علم اردو کے ادب پاروں سے لطف اندوز ہو۔

ب۔ کسی موضوع پر شعری اور نثری اقتباسات جمع کرے۔

ج۔ اچھی تحریر اور عمدہ شعر کی خوبیوں کو بیان کرے۔

د۔ پڑھی ہوئی کتابوں کے بارے میں اپنے تاثرات بیان کرے۔

ہ۔ پسندیدہ اشعار بیاض کی صورت میں محفوظ کرے۔

# نصاب اردو (ادب)

## ناول

| | |
|---|---|
| ۱۔ مزاج دار بہو | (مولوی نذیر احمد دہلوی) |
| ۲۔ معرکۂ ستمبر ۱۹۶۵ء | (سید غلام الثقلین نقوی) |
| ۳۔ آنگن | (خدیجہ مستور) |

## مختصر افسانہ

| | |
|---|---|
| ۱۔ زیور کا ڈبا | (پریم چند) |
| ۲۔ ماں جی | (قدرت اللہ شہاب) |
| ۳۔ تعبیر | (مسعود مفتی) |

## ڈراما

| | |
|---|---|
| ۱۔ قرطبہ کا قاضی | (سید امتیاز علی تاج) |
| ۲۔ نئی ہمسائی | (میرزا ادیب) |

## مضمون ر انشائیہ

| | |
|---|---|
| ۱۔ دنیا بامید قائم ہے | (سر سید احمد خاں) |
| ۲۔ دیا سلائی | (خواجہ حسن نظامی) |

## سیرت ر سوانح ر شخصیت نگاری

| | |
|---|---|
| ۱۔ نام دیو ۔ مالی | (ڈاکٹر مولوی عبدالحق) |
| ۲۔ نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی | (مرزا فرحت اللہ بیگ) |
| ۳۔ ظفر علی خاں | (چراغ حسن حسرت) |

## طنز و مزاح

| | |
|---|---|
| ۱۔ اخبار میں ضرورت | (احمد شاہ پطرس بخاری) |
| ۲۔ کافی | (مشتاق احمد یوسفی) |
| ۳۔ چند مناظرِ قدرت | (ابنِ انشا) |

## تراجم (سندھی، پنجابی افسانے)

علی بابا (مصنف)

| | |
|---|---|
| ۱۔ ہم لوگ (سندھی سے اردو ترجمہ) | (حسرت کاسگنجوی۔ مترجم) |
| ۲۔ رکیہ جاناں میں کون (پنجابی سے اردو ترجمہ) | (پروین ملک ۔ مصنف و مترجم) |

# (حصہ نظم و غزل)

## حمد، مناجات، نعت، منقبت

| | |
|---|---|
| ۱۔ حمد | (مولانا ظفر علی خاں) |
| ۲۔ نعت | (امیر مینائی) |
| ۳۔ نعت | (ماہر القادری) |
| ۴۔ منقبت | (محسن کاکوروی) |

## غزل

| | |
|---|---|
| ۱۔ ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں | (خواجہ الطاف حسین حالی) |
| ۲۔ کل مدعی کو آپ پہ کیا کیا گماں رہے | (خواجہ الطاف حسین حالی) |
| ۳۔ اسیرِ چشم ہوں میعادِ قید نا معلوم | (شاد عظیم آبادی) |
| ۴۔ ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں، ملنے کے نہیں، نایاب ہیں ہم | (شاد عظیم آبادی) |
| ۵۔ تجھے یاد کیا نہیں ہے، مرے دل کا وہ زمانہ | (علامہ اقبالؔ) |
| ۶۔ دل سوز سے خالی ہے، نگہ پاک نہیں ہے | (علامہ اقبالؔ) |
| ۷۔ نہ تو زمیں کے لیے ہے نہ آسماں کے لیے | (علامہ اقبالؔ) |
| ۸۔ دل آرزوئے شوق کا اظہار نہ کر دے | (حسرتؔ موہانی) |
| ۹۔ توڑ کر عہدِ کرم نا آشنا ہو جایئے | (حسرتؔ موہانی) |
| ۱۰۔ اِک معما ہے، سمجھنے کا نہ سمجھانے کا | (فانیؔ بدایونی) |

۱۲۔ نالِ سوزِ غم ہائے نہانی، دیکھتے جاؤ (فانیؔ بدایونی)
۱۳۔ شکوہ نہ چاہیے کہ تقاضا نہ چاہیے (اصغرؔ گونڈوی)
۱۴۔ وہ سراپا حسن ہے یا نغمۂ بے ساز ہے (اصغرؔ گونڈوی)
۱۵۔ کام آخر جذبۂ بے اختیار آ ہی گیا! (جگرؔ)
۱۶۔ نہیں جاتی کہاں تک فکرِ انسانی نہیں جاتی (جگرؔ)
۱۷۔ کچھ یادگارِ شہرِ ستم گر ہی لے چلیں (ناصرؔ کاظمی)
۱۸۔ گئے دنوں کا سراغ لے کر، کدھر سے آیا، کدھر گیا وہ (ناصرؔ کاظمی)

## نظم

۱۔ دنیا (نظیرؔ اکبر آبادی)
۲۔ فکر آٹے دال کا (نظیرؔ اکبر آبادی)
۳۔ مسلمانوں کا تابناک ماضی (خواجہ الطاف حسین حالیؔ)
۴۔ برکھا رُت (خواجہ الطاف حسین حالیؔ)
۵۔ بزمِ انجم (علامہ محمد اقبالؒ)
۶۔ ذوق و شوق (علامہ محمد اقبالؒ)
۷۔ مردِ مسلمان! (علامہ محمد اقبالؒ)
۸۔ اتمامِ نور (مولانا ظفرؔ علی خان)
۹۔ اللہ والے (مولانا ظفرؔ علی خان)
۱۰۔ کسان (جوشؔ ملیح آبادی)
۱۱۔ بدلی کا چاند (جوشؔ ملیح آبادی)
۱۲۔ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا جہیز (ابوالاثر حفیظؔ جالندھری)
۱۳۔ جلوۂ سحر (ابوالاثر حفیظؔ جالندھری)
۱۴۔ اِقبال (فیض احمد فیضؔ)
۱۵۔ زنداں کی ایک شام (فیض احمد فیضؔ)
۱۶۔ صبحِ مسرت (احسان دانشؔ)
۱۷۔ چاہیے (احسان دانشؔ)
۱۸۔ شاعر (مجید امجدؔ)
۱۹۔ توسیعِ شہر (مجید امجدؔ)

## ناول

توبۃ النصوح (ڈپٹی نذیر احمد)

ادبی مضمون

**اصناف نظم ونثر:** غزل، رباعی، قطعہ، مرثیہ، نظم، قصیدہ، حمد، نعت، منقبت، داستان، ناول، مختصر افسانہ، ڈراما، خاکہ، رپورتاژ، انشائیہ، سوانح، مکتوب نگاری، شخصیت نگاری (خاکہ)

## مجوزہ کتاب

اردو ادب

مؤلفین: پروفیسر خالد بزمی (ریٹائرڈ)

پروفیسر ڈاکٹر محمد خان اشرف

پبلشر: پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور